18/02/2025

12.30 PM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ تجمل احمد سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں قطر کے امیر شیخ تمیم بن حماد الثانی کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کررہے ہیں ۔ اس دوران دونوں ملکوں کے درمیان باہمی رشتوں کو مستحکم کرنے سے جڑے امور پر توجہ مرکوز کی جائے گی ۔ شیخ تمیم کا آج راشٹر پتی بھون میں رسمی استقبال کیا گیا ۔

اس موقعہ پر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ، وزیر اعظم نریندر مودی اور کئی کابینی وزراءموجود تھے ۔ قطر کے امیر بھارت کے دو روزہ دورے پر کل نئی دلی پہنچے ۔

وزیر داخلہ

وزیر داخلہ امت شاہ آج جموں کشمیر کے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی موجودگی میں ایک میٹنگ کے دوران یوٹی میں عملائے جا رہے تین نئے فوجداری قوانین کی عمل آوری کا جائزہ لے رہے ہیں ۔

اس میٹنگ میں مرکزی داخلہ سیکریٹری ، جموں کشمیر کے چیف سیکریٹری ، ڈائریکٹر جنرل آف پولیس ، نیشنل کرائم ریکارڈس بیورو کے ڈائریکٹر جنرل اور کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی شرکت کر رہے ہیں ۔

کرن رججو

اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کرن رججو نے آج سرینگر ہوائی اڈے پر جموں کشمیر کے نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری کے ساتھ مختصر میٹنگ کی اور کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا ۔

ستیش شرما

ٹرانسپورٹ اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے وزیر ستیش شرمانے ایک میٹنگ کے دوران موٹر اور ٹریفک پولیس حکام پر زور دیا کہ وہ MVD وہیکلز محکمے کے کام کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کو روکنے کے لئے متحد ہو کر کام کریں ۔ اس موقعہ پر ٹریفک کے انتظام میں بہتری لانے اور لوگوں کو بہتر سہولیات بہم رکھنے سے متعلق معاملات پر بھی سیر حاصل تبادلہ خیال کیا گیا ۔

درخشاں اندرابی

جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے جموں میں کلچرل اکیڈمی کی طرف سے منعقد کئے گئے تین روزہ جشن جموں کی اختتامی تقریب میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی ۔

اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ اس طرح کے پروگراموں سے ثقافتی رشتوں کو مستحکم کرنے اور روایتی فنون کو تحفظ دینے میں مدد ملتی ہے ۔

SMC

سرینگر میونسپل کارپوریشن کے کمشنر ڈاکٹر اویس احمد نے ریونیو کمیٹی ارکان کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران کارپوریشن کی مالی کار کردگی کو بہتر بنانے سے جڑے معاملات کا جائزہ لیا ۔ کمشنر موصوف نے متعلقین پر زور دیا کہ وہ تمام شعبوں میں جوابدہی اور شفافیت یقینی بنائےں
۔

بانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ منظور احمد قادری کی صدارت میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران 350 کروڑ روپے لاگت والے وُلر پروجیکٹ کے مختلف پہلوو

---

ں کا جائزہ لیا گیا ۔ئ

انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ پروجیکٹ کی موثر عمل آوری کو یقینی بناتے ہوئے ماحولیاتی توازن کو بھی بر قرار رکھیں ۔

زراعت

محکمہ زراعت کی طرف سے دمہال ہانجی پورہ کولگام میں نیشنل بی کیپنگ اینڈ ہنی مشن کے تحت مگس بانی سے جڑے کسانوں کے لئے ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا ۔

ڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان کی صدارت میں منعقدہ اس پروگرام کے دوران کسانوں کو جدید طریقے پر مدو مکھیاں پالنے کے مختلف پہلوؤں سے روشناس کرایا گیا ۔

شوپیان

شوپیان ضلع سے اس سال حج کے لئے منتخب ہوئے 132 عازمین کو کل جامع مسجد شوپیان میں مناسک حج سے متعلق لازمی تربیت دی گئی ۔

پلوامہ

پلوامہ میں کل ایک میٹنگ کے دوران سوچھ بھارت مشن گرامین کے دوسرے مرحلے سے متعلق بیداری کیمپ کا انعقاد کیا گیا ، جس دوران کوڑا کرکٹ کو سائنسی طریقے پر ٹھکانے IEC ایک لگانے سے متعلق عمل کا جائزہ لیا گیا ۔

افسروں نے کہا کہ دیہی علاقوں میں صفائی ستھرائی کو یقینی بنانے کے لئے لوگوں میں زیادہ سے زیادہ بیداری پیدا کی جانی چاہئے ۔

گلمرگ

جموںو کشمیر سپورٹس کونسل کی اطلاع کے مطابق 22 سے 25 فروری تک گلمرگ میں منعقد ہونے والے پانچویں کھیلو انڈیا سرمائی کھیل مقابلے کم برف ہونے کی وجہ سے ملتوی کئے گئے ہیں۔

پولیس

چھٹے بٹالئین کے 26 ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں کل بٹالین ہیڈ IRP جموں کشمیر پولیس کے آئی آر پی کشمیر شاہد معراج راتھر کی صدارت میں ایک تقریب منعقد ہوئی ۔ اس DIG کوارٹر پر کے شہید اہلکاروں کو خراج عقیدت ادا کیا گیا ۔ IRP موقعہ پر

NDPS معاملے اور POCSOدریں اثناءگاندربل میں عدالت نے عصمت دری کے ایک معاملے ، کے ایک معاملے میں تین قصورواروں کو سزا سنائی ہے اور ان پر جرمانہ بھی عائد کیا ہے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ